TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear here

**SL. No : J**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 57 ]
Total No. of Questions 57 ]

**CCE PF**
**CCE PR**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8
[ Total No. of Printed Pages 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U** **Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Fresh & Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 06. 04. 2018 ] [ Date : 06. 04. 2018

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 57 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔



https://www.karnatakaboard.com/

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ $10 \times 1 = 10$

1. بینک کا یہ کھاتہ جو بیوپاریوں کے لئے مناسب ہے

(A) بچت کھاتہ

(B) چالتی کھاتہ

(C) مکرر ڈپازٹ کھاتہ

(D) مقررہ ڈپازٹ کھاتہ

2. جہیز پر پابندی کا قانون اِس سال جاری ہوا

(A) 1961

(B) 1987

(C) 1988

(D) 1989

3. درج ذیل میں براہِ راست ٹیکس (Direct Tax) ہے

(A) مرکزی چنگی ٹیکس

(B) آمدنی ٹیکس

(C) ملازمتی ٹیکس

(D) غیر ملکی سیاحوں کی ٹیکس



https://www.karnatakaboard.com/

4. گروپ - **A** کی فہرست میں صنعت کاراور گروپ - **B** میں صنعت کار قائم کردہ (Established)۔ جوڑ ملنے والے گروپ کو پہچانیں :

| گروپ - **A** | | گروپ - **B** | |
|---|---|---|---|
| a) | عظیم پریم جی | i) | بیوکان ادارے |
| b) | ڈاکٹر پرتاب ریڈی | ii) | جیٹ طیارہ |
| c) | کرن مجمدار شا | iii) | ویپرو تکنیکی |
| d) | نریش گویل | iv) | اپولو ہسپتال |

| | **a** | **b** | **c** | **d** |
|---|---|---|---|---|
| (A) | iv | i | ii | iii |
| (B) | i | ii | iii | iv |
| (C) | iii | iv | i | ii |
| (D) | ii | iii | iv | i |

5. اس قسم کی مٹی خاص طور پر راجستھان میں پائی جاتی ہے

(A) صلصالی مٹی
(B) صحرائی مٹی
(C) لال مٹی
(D) لیٹرائٹ مٹی


6. منٹو مارلے اصلاحات 1909 نے ہندوستان کی تقسیم کی بنیا دڈالی کیونکہ

(A) دوعملی حکومت کا خاتمہ کیا
(B) بورڈ آف کنٹرول کا قیام ہوا
(C) ہندوستانیوں کو ورکنگ کمیٹی کے لئے نامزد کیا
(D) مذہب کی بنیاد پر ایک علیحدہ انتخابی حلقے کی تشکیل کی گئی



https://www.karnatakaboard.com/

.7 نقشہ میں نشان زد کا صحیح جوڑ ملائیں۔




(A) 1 - امرتسر، 2 - گوہاٹی، 3 - حیدرآباد

(B) 1 - گوہاٹی، 2 - حیدرآباد، 3 - امرتسر

(C) 1 - حیدرآباد، 2 - امرتسر، 3 - گوہاٹی

(D) 1 - آلہ آباد، 2 - حیدرآباد، 3 - امرتسر

.8 ہندوستان نے نیلسن منڈیلا کی حمایت کی کیونکہ

(A) ہندوستان میں نیلسن منڈیلا کو افریکن گاندھی کہتے ہیں

(B) ہندوستانی خارجہ پالیسی نسلی امتیاز کے مخالف (خلاف) ہے

(C) ہندوستان اقوام متحدہ کے ممبر میں آگے ہے

(D) ہندوستان ناوابستہ تحریک پر عمل کرتا ہے

.9 10 دسمبر کو ''انسانی حقوق کا دن'' کہا جاتا ہے کیونکہ

(A) ابراہم لنکن نے 10 دسمبر 1865 کو غلامی کو ختم کیا

(B) نیلسن منڈیلا 10 دسمبر 1993 کو رہا ہوئے

(C) اقوام متحدہ نے 10 دسمبر 1948 کو انسانی حقوق کا اعلان کیا

(D) ہندوستان نے اپنے شہریوں کے لئے بنیادی حقوق کا اعلان کیا



https://www.karnatakaboard.com/

10. دیانند سرسوتی نے جس سوارج اور مذہب کی تعلیم دی اس سے عوام

(A) غیر معیاری سماج کا قیام (B) رسم ستی اور بچہ کی شادی کے خلاف آواز اُٹھائی

(C) جدوجہد آزادی میں حصّہ لیا (D) تعلیمی اصلاحات لانا

II. مندرجہ ذیل سوالوں کا **ایک** جملے میں جواب دیں : 14 × 1 = 14

11. عام آدمی کے لئے تاریخ لکھنا مورخین کے لئے ایک چیلنج ہے۔ کیوں ؟

12. سر سید احمد خاں نے مسلمانوں کی قوم کو تعلیم سے کیسے آراستہ کیا ؟

13. روس میں اشتراکی انتظامیہ کا خاتمہ کیوں ہوا ؟

14. انگریزوں نے ہندوستان میں کس طرز حکومت کو اپنا کر فرقہ واریت کا بیج بویا تھا ؟

15. نوآبادیت کسے کہتے ہیں ؟

16. چپکو تحریک کے لیڈرس (Leaders) کون تھے ؟

17. بچہ مزدوری کو روکنے میں سروا شکشنا ابھیان کا اہم رول ہے۔ کیسے ؟

18. کونسی مٹی کو ریگر مٹی بھی کہا جاتا ہے ؟

19. نیشنل پاور گرڈ کیوں قائم کیا گیا ؟

20. مانگرو کے جنگلات ساحلی علاقوں میں کیوں اُگائے جاتے ہیں ؟

21. ہندوستان کے کونسے ریاستوں میں طوفان (Cyclones) کے اثرات زیادہ ہوتے ہیں ؟

22. مرکزی حکومت کا بجٹ لوک سبھا میں کون پیش کرتا ہے ؟

23. ''ہندوستان کی اصل ترقی کا مطلب قریوں کی ترقی ہے۔'' یہ کس کی کہاوت ہے ؟

24. ہندوستان میں ریزرو بینک کو بینکوں کی ماں کیوں کہا جاتا ہے ؟

III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : 25 × 2 = 50

25. ہندوستان کا نیا بحری راستہ تلاش کرنے کے لئے یوروپی اقوام کو کون کونسے عوامل سے مدد حاصل ہوئی۔

یا

جنگ بکسر کا کیا نتیجہ برآمد ہوا۔



https://www.karnatakaboard.com/

26. میسور وڈیاروں کو کیوں یاد کیا جاتا ہے ؟

27. ہندوستانی سرکار کو لسانی بنیاد پر آندھرا پردیش کی تشکیل ضروری تھی۔ کیوں ؟

28. جوزف اسٹالن نے امریکہ کے مقابل روس کو ایک چیلنج بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ کیسے ؟

29. حکومت ہند نے ناخواندگی کے مسئلہ کو دور کرنے کے لئے اُٹھائے گئے اقدامات کونسے تھے ؟

30. عالمی ادارہ غذا اور زراعت (F.A.O) دنیا کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے کونسے کام انجام دے رہا ہے ؟

31. آج کل ہندوستان میں چھوت چھات کا خاتمہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس کے وجوہات کیا ہیں ؟

32. جزائر انڈمان اور نیکوبار اور جزائر لکش دویپ میں فرق واضح کیجئے۔

33. ہندوستان کی آب وہوا اس کی معیشت پر اثر ڈالتی ہے۔ وضاحت کیجئے۔

34. حارائی گھاس کے میدان اور ہمالیائی آلپائن جنگلات کے درختوں کی درجہ بندی کیجئے :

سلور - ببول - شیشم - لارچ

35. خریف اور ربیع کے موسم میں فرق واضح کیجئے۔

36. قدرتی آفات کے لئے ریموٹ سنسنگ ٹکنالوجی سے کیسے مدد لی جاسکتی ہے ؟

37. آبادی میں اضافہ بہت سے مسائل کی وجہ ہے۔ وضاحت کیجئے۔

38. ملک کی حقیقی ترقی کو کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے ؟

39. آفاقیت ماحول کے بگاڑ کا سبب بنتی ہے۔ کیوں ؟

40. حیدرآباد کرناٹک کے علاقے کونسے ہیں ؟

41. ہندوستان کے سماجی مصلحین (اصلاح) کے نام لکھئے ؟

42. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد کون کونسے ہیں ؟

43. دہشت گردی سے ہونے والے اثرات کون کونسے ہیں ؟

44. چھوت چھات کے خاتمہ کے لئے حکومت کی طرف سے کئے جانے والے اقدامات کون کونسے ہیں ؟

45. ہندوستان کے چار اہم جغرافیائی حصّے کونسے ہیں ؟

46. مٹی کے اقسام لکھئے۔

47. ہندوستان کی آب وہوا کے چار موسموں کے نام لکھئے۔

48. انسانی ترقی کے اشارے کونسے ہیں ؟

49. بینک کی جانب سے انجام دیے جانے والے قدمات کونسے ہیں ؟



https://www.karnatakaboard.com/

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ جملوں میں دیں : 6 × 3 = 18

50. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کا سبب انگریزوں کے انتظامی اور معاشی اسباب ہیں۔ کیسے ؟ سمجھایئے۔

یا

انگریزوں کے زمینی ٹیکس (لگان) کا نظام سے ہندوستانی کسانوں پر کیا اثر پڑا ؟ سمجھایئے۔

51. آج کل ہندوستان اور چین کے درمیانی تعلقات میں کمی کے اسباب بیان کیجئے۔

یا

''انسانی حقوق کو عام کرنے کے لئے ہندوستان اہم رول (کردار) ادا کررہا ہے۔'' بیان کیجئے۔

52. بے روزگاری کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے اُٹھائے گئے اقدامات کونسے ہیں ؟

یا

خواتین کی خود امدادی تنظیمیں اور ان کی اہمیت کو سمجھایئے۔

53. توانائی کے وسائل کی کمی کو دور کرنے کے لئے اُٹھائے گئے اقدامات کونسے ہیں ؟

یا

سڑکوں کے ذریعہ نقل و حمل کے مسائل کونسے ہیں ؟

54. آزادی کے بعد ہندوستان کی حکومت نے معاشی ترقی کے حصول کی خواہش کیسے جتائی ؟

یا

دیہی ترقی ملک کی معاشی ترقی کے لیے مددگار ثابت ہوتی ہے۔ کیسے ؟

55. بیمہ کے فوائد (Advantages) کیا ہیں ؟

یا

صنعت کاری کے علامات کون کونسے ہیں ؟

V. درج ذیل سوال کا جواب آٹھ جملوں میں لکھئے : 1 × 4 = 4

56. ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں سبھاش چندر بوس کے کردار کو بیان کیجئے۔

VI. 57. ہندوستان کے نقشے کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : 1 + 3 = 4

a) $23\frac{1}{2}^{\circ}$ شمالی عرض البلد

b) ناگرجنا ساگر

c) بھدراوتی

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 57 کی جگہ)**

ہندوستان کے لوگوں کے لئے ہمالیہ سے حاصل ہونے والے فائدے (استعمالات) کون کونسے ہیں ؟ 4



https://www.karnatakaboard.com/

https://www.karnatakaboard.com/